**27.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ آسیہ میمونہ

**Music**

-----------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے شفافیت اور جوابدہی میں اضافے کے مقصد سے AI، بلاک چین اور اعداد و شمار کے تجزیوں کے استعمال پر زور دیا ہے۔

☆ بجٹ کے بعد کے ایک ویبینار میں وزیر اعظم نے مزید اصلاحات اور کاروبار کو مزید آسان بنانے کیلئے پالیسی پر موثر عمل درآمد پر زور دیا ہے۔

☆ دلّی کی ایک عدالت نے، دلّی کے سابق وزیر اعلیٰ اروِند کیجریوال اور اُن کے نائب وزیر اعلیٰ منیش سسودیا کو، ایکسائز پالیسی کیس میں بری کردیا ہے۔ اب CBI اِس سلسلے میں ہائی کورٹ سے رجوع کرے گی۔

☆ تمل ناڈو کے سابق وزیر اعلیٰ، AIA-DMK کے لیڈر او-پنیر سیلوم اور اُن کے بیٹے رویندر ناتھ، DMK میں شامل ہوگئے ہیں۔

☆ پاکستان نے افغانستان کے خلاف کُھلی جنگ کا اعلان کردیا ہے۔ اُس نے کابُل اور دیگر صوبوں پر فضائی حملے کرکے آپریشن 'غضب لِل حق' شروع کردیا ہے۔

☆ اور ICC ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں آج شام کولمبو میں سُپر-Eight کے میچ میں انگلینڈ کا مقابلہ نیو زیلینڈ سے ہوگا۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Day - PM Webinar**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک، اصلاح کی ایکسپریس گاڑی پر سفر کررہا ہے۔ اِن اصلاحات کے تحت، حکومت کام کاج کے طریقۂ کار کو آسان بنا رہی ہے، کاروبار کو مزید آسان بنا رہی ہے اور ٹیکنالوجی پر مبنی حکمرانی کو توسیع دے رہی ہے۔

انہوں نے زور دے کر کہا کہ توجہ محض پالیسی تک محدود نہیں رہنی چاہیے، بلکہ اِس رفتار کو برقرار رکھنے کیلئے خدمات کی فراہمی کی مہارت پر بھی ہونی چاہیے۔

وزیر اعظم آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ''وِکست بھارت کیلئے ٹیکنالوجی، اصلاحات اور مالیات'' سے متعلق بجٹ کے بعد کے ایک ویبینار سے خطاب کررہے تھے۔

انہوں نے مصنوعی ذہانت AI، بلاک چین اور اعداد و شمار کے تجزیوں کے وسیع استعمال کے ذریعے شفافیت، رفتار اور جوابدہی میں اضافے پر زور دیا۔

**SB - 1400 - PM Webinar Accountability**

وزیر اعظم نے کہا کہ پچھلی دہائی میں حکومت نے بنیادی ڈھانچے پر زیادہ توجہ مرکوز کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے یہ فیصلہ سوچ سمجھ کرکیا تھا کہ بھارت کی ترقی، شاہراہوں، ریلویز، بندرگاہوں، ڈیجیٹل نیٹورک اور بجلی کے نظام جیسے ٹھوس اثاثوں کو تیار کرکے ہی کی جاسکتی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ اِن سے آنے والی کئی دہائیوں کیلئے پیداوار ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات غور کرنے کی ہے کہ سرکاری اثاثہ جاتی اخراجات میں، کیوں لگاتار اضافہ ہورہا ہے۔ انہوں نے خاص طور پر کہا کہ 11 سال پہلے، بجٹ میں محض دو لاکھ کروڑ روپے مختص کیے گئے تھے، لیکن اِس تازہ ترین مرکزی بجٹ میں یہ رقم 12 لاکھ کروڑ روپے سے تجاوز کرگئی۔

وزیر اعظم نے کہا کہ قومی بجٹ کو، کوئی قلیل مدتی مالی دستاویز نہ سمجھ کر اِسے ایک طویل مدتی پالیسی کا خاکہ سمجھا جائے۔

انہوں نے زور دے کر کہا کہ اِس کی اثر اندازی کو، قلیل مدتی اقدامات کے بجائے، ٹھوس اور خاطر خواہ پیمانوں کا استعمال کرتے ہوئے پرکھا جائے۔

**SB - PM - Webinar**

جناب مودی نے کہا کہ ویبینار کو محض نظریات کے تبادلے کے ایک پلیٹ فارم تک محدود نہ رکھا جائے، اِس کے بجائے اِسے غور و خوض کی ایک مشق کے طور پر استعمال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جب صنعت، تعلیمی ادارے، تجزیہ کار اور پالیسی ساز یکجا ہوکر غور و خوض کرتے ہیں، تو اسکیموں پر عمل درآمد میں بہتری آجاتی ہے اور اِس کے نتائج بالکل صحیح برآمد ہوتے ہیں۔×

## Court Kejriwal

دلّی کی ایک عدالت نے، دلّی کے سابق وزیر اعلیٰ اروِند کیجریوال اور نائب وزیر اعلیٰ منیش سسودیا کو، ایکسائز پالیسی میں بدعنوانی کے ایک کیس میں بری کردیا ہے۔ عدالت نے CBI کی فردِ جرم پر کوئی کارروائی کرنے سے انکار کردیا ہے۔

خصوصی جج جتیندر سنگھ نے کہا کہ اِس فردِ جرم میں بہت سی خامیاں ہیں اور اِس میں شواہد پیش نہیں کیے گئے ہیں۔

عدالت نے اِس کیس میں 21 دیگر لوگوں کو بھی بری کیا ہے۔ CBI، اُس وقت کی عاپ حکومت کی، ایکسائز پالیسی کی تشکیل اور اِس پر عمل درآمد میں مبینہ بدعنوانی کی تحقیقات کررہی ہے۔ یہ ایکسائز پالیسی اب ختم کی جاچکی ہے۔×

## Chennai CM DMK

سابق وزیر اعلیٰ اور AIA-DMK کے رابطہ کار او-پنیر سیلوم اور اُن کے بیٹے سابق ممبر پارلیمنٹ رویندر ناتھ نے آج

برسرِ اقتدار DMK میں شمولیت اختیار کرلی۔ اُن کے حامیوں نے بھی چنئی میں پارٹی صدر دفتر Arivalayam میں DMK میں شمولیت اختیار کی ہے۔×

**Rajasthan Prez Prachand**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راجستھان میں، جیسلمیر فضائی اسٹیشن پر، ملک ہی میں تیار کیے گئے ہلکے جنگی ہیلی کاپٹر ''Prachand'' میں سفر کیا۔ صدر جمہوریہ کو بھارتی فضائیہ کے افسران نے ہیلی کاپٹر کی پرواز سے پہلے، اِس کی صلاحیتوں کے بارے میں جانکاری دی۔ یہ سفر، بھارتی فضائیہ کے تجربہ کار پائلٹس نے کرایا اور ہیلی کاپٹر کی خاصیتوں، چستی پھرتی اور ملک ہی میں تیار کیے گئے پلیٹ فارم کے، جنگی طور پر تیار رہنے کے بارے میں بتایا۔

Prachand ہیلی کاپٹر کو زیادہ اونچائی پر اُڑنے کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے اور اِس میں بھارتی فضائیہ کی جنگی صلاحیتوں میں خاطر خواہ اضافہ کرتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔

صدر مرمو نے اپنے دورے میں بھارتی فضائیہ کے سینئر افسران سے بات چیت کی اور بھارت کے دیسی دفاعی مینوفیکچرنگ ایکونظام کو مستحکم بنانے میں سائنسدانوں، انجینئروں اور عملے کی کوششوں کی تعریف کی۔

آج شام دیر گئے، صدر جمہوریہ، Pokhram فیلڈ فائرنگ رینج میں بھارتی فضائیہ کی مشق ''وایوشکتی'' کا نظارہ کریں گی۔×

**Pradhan NCERT**

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ NCERT کی نصابی کتاب میں عدلیہ میں بدعنوانی کے بارے میں ایک باب کا ہونا افسوسناک ہے اور سرکار اس معاملے کو بہت سنجیدگی سے لے رہی ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب پردھان نے کہا کہ انہوں نے NCERT کو ہدایت دی ہے کہ سبھی کتابوں کو واپس لیا جائے اور انہیں رد کیا جائے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ عدالتی نظام کی توہین کرنے کی سرکار کی کوئی نیت نہیں ہے۔

اس معاملے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جناب دھرمیندر پردھان نے کہا کہ سپریم کورٹ جو بھی احکامات جاری کرے گی، وزارت اُس پر عمل کرے گی۔

وزیر موصوف نے بتایا کہ انہوں نے محکمے کے سکریٹری کو یہ ذمہ داری سونپی ہے کہ جن اہلکاروں نے بھی NCERT کی کتاب میں اس طرح کا غیر ذمہ دارانہ باب شامل کیا ہے، اُن کے خلاف کارروائی کی جانی چاہیے۔

اس سے قبل سپریم کورٹ نے آٹھویں کلاس کی NCERT کی کتاب پر پابندی عائد کر دی تھی، جس میں عدلیہ میں بدعنوانی پر ایک باب شامل ہے۔ عدالتِ عالیہ کی بنچ نے اس معاملے کی مزید سماعت کیلئے 11 مارچ کی تاریخ مقرر کی ہے۔×

**Pakistan-Afghan War**

پاکستان نے کابل اور افغانستان کے دو دیگر صوبوں میں آج صبح سویرے فضائی حملے کیے ہیں۔ پاکستان کے وزیر دفاع نے، افغانستان کے خلاف کھلی جنگ کا اعلان کردیا ہے۔

طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا کہ پاکستانی فوجوں نے کابُل، قندھار اور پکتیہ کے علاقوں میں یہ فضائی حملے کیے ہیں۔ پاکستان نے دعوٰی کیا ہے کہ کَل رات جب سے اُس نے افغانستان کے خلاف آپریشن غضب لِل حق شروع کیا ہے، کم سے کم 133 افغان طالبان لڑاکو ہلاک ہوچکے ہیں۔

دوسری طرف، طالبان کی وزارت دفاع نے بتایا کہ اُس نے کَل رات پاکستان کی 19 فوجی چوکیوں اور دو ٹھکانوں کو اپنے قبضے میں لیا ہے نیز 55 پاکستانی سپاہیوں کو ہلاک کیا ہے۔ اگرچہ اِس تعداد کی کسی آزاد بین الاقوامی ایجنسی نے تصدیق نہیں کی ہے، لیکن طرفین اپنی اپنی مخالف سمت بھاری نقصان پہنچانے کا دعوٰی کررہے ہیں۔

اقوام متحدہ کے سربراہ انتونیو گتریس نے پاکستان اور افغانستان، دونوں سے کہا ہے کہ وہ اپنے اختلافات کو سفارتی طریقے سے حل کرنے کی کوشش کریں۔

اِسی دوران، ایران کے وزیر خارجہ سید عباس اراغچی نے کہا کہ ایران، مذاکرات کے انعقاد اور پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعاون کو مستحکم بنانے میں مدد دینے کو تیار ہے۔

روسی میڈیا کی خبروں کے مطابق، روس نے بھی دونوں ملکوں سے زور دے کرکہا ہے کہ وہ سرحد پار حملوں کو فوری طور پر روک دیں اور اپنے اختلافات سفارتی ذرائع سے حل کریں۔

اِدھر بھارت نے، رمضان کے مقدس مہینے میں، افغانستان کے علاقے پر پاکستان کی طرف سے کیے گئے فضائی حملوں کی سخت مذمت کی ہے، جس کے نتیجے میں شہریوں کی جانیں ضائع ہوئی ہیں، جن میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔×

## UK - Green Party

انگلینڈ میں گرین پارٹی نے آج ایک خصوصی پارلیمانی انتخاب میں کامیابی حاصل کی ہے۔ اِس طرح وزیر اعظم Keir Starmer کی مرکزی بائیں بازو کی لیبر پارٹی، تیسرے مقام پر آ گئی ہے۔

گرین پارٹی کی امیدوار Hannah Spencer کو، Gorton اور Denton کے انتخاب میں فاتح قرار دیا گیا ہے۔

اِس جیت کے ساتھ ہی، 650 رُکنی ایوانِ نمائندگان میں ماحولیات پر کام کرنے والی اِس پارٹی کی کُل نشستیں 5 ہوگئی ہیں۔×

## Bangladesh - Central Bank

بنگلہ دیش میں، مرکزی بینک کے گورنر احسان حبیب منصور کو اُن کے عہدے سے اچانک ہٹائے جانے اور ایک تاجر محمد مشتاق الرحمٰن کو، بنگلہ دیش بینک کا نیا سربراہ مقرر کیے جانے کے بعد ایک سیاسی اور اقتصادی تنازع پیدا ہوگیا ہے۔

ایک غیر سرکاری تنظیم Transparency انٹرنیشنل بنگلہ دیش TIB نے، نئے گورنر کی آزادی اور غیر جانبداری پر سوال اُٹھایا ہے۔ انہوں نے مفادات کے ممکنہ ٹکراؤ سے خبردار کیا ہے اور اُن کی اِس اہلیت پر شک کا اظہار کیا ہے کہ وہ بینکنگ کے شعبے میں مالی استحکام اور اچھی حکمرانی کو یقینی بنائیں گے۔

منصور کو اُن کے عہدے سے ایسے وقت ہٹایا گیا ہے، جب غیر ملکی زرِ مبادلہ کے ذخیروں اور کرنسی کی قدر میں کمی

آنے نیز درآمدات کے دباؤ میں اضافے کی وجہ سے اقتصادی کشیدگی پیدا ہوگئی ہے۔×

## ICC Cricket World Cup

مردوں کے ICC ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں آج گروپ -2 کے Super Eight مقابلے میں انگلینڈ کا مقابلہ نیو زیلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ کولمبو کے آر پریما داسا اسٹیڈیم میں شام سات بجے شروع ہوگا۔

گزشتہ رات چنئی کے ایم چدمبرم اسٹیڈیم میں کھیلے گئے Super Eight کے ایک اہم مقابلے میں بھارت نے زمبابوے کو 72 رن سے شکست دی۔

کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں اتوار کے روز Super Eight کے اپنے آخری مقابلے میں بھارت کا مقابلہ ویسٹ انڈیز سے ہوگا۔ اِس میچ کا نتیجہ، ٹورنامنٹ میں بھارتی ٹیم کی قسمت کا فیصلہ کرے گا۔

ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ کے سیمی فائنل، 4 اور 5 مارچ کو کھیلے جائیں گے، جبکہ فائنل مقابلہ 8 مارچ کو کھیلا جائے گا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆